PhD (History)/E.T. 2021

Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (تاریخ) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2021

## PhD (History) Entrance Test - 2021

Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔

2. یہ پرچۂ سوالات کل 20 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کے 2 صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# (Part A) حصہ اول

## Research Methodology

1. 'Study Historian before you begin to study fact' یہ مشہور جملہ کس مورخ کا ہے۔

(A) رینکے (B) ای۔ایچ۔کار

(C) ٹوائن بی (D) آر۔جی۔کالنگ ووڈ

2. Archaeological Survey of India کا عربی وفارسی کا Epigraphy کا مرکز کہاں ہے۔

(A) ناگپور (B) دہلی

(C) ٹونک (D) بھوپال

3. مسکوکات کی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے ہندوستان میں ایک سوسائٹی (Numismatic Soceity of India) کی تشکیل دی گئی تھی۔ یہ سوسائٹی کہاں ہے۔

(A) دہلی (B) کلکتہ

(C) ناسک (D) بنارس

4. پالی زبان میں لکھے گئے دستاویز کس مذہب کو پڑھنے کے لیے اہم ماخذ کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں۔

(A) جین (B) بدھ

(C) برہمن (D) اجیوک

5. 'Feudal Social Formation in Early India" کے مصنف کا نام بتائیں۔

(A) آر۔ایس۔شرما (B) بی۔ڈی۔چٹوپادھیائے

(C) ڈی۔این۔جھا (D) ڈی۔ڈی۔کوسامبی

6. ریسرچ کرنے کے لیے سب سے پہلی ضروری چیز کیا ہوتی ہے۔

(A) ریسرچ کا خاکہ (Research Design) تیار کرنا (B) Research Hypothesis طے کرنا

(C) Data Analysis Procedure کے بارے میں سوچنا (D) ریسرچ کا سوال (Research Question) طے کرنا

7. APA Style کے مطابق حوالہ جات (References) لکھنے کے بنیادی اصول کیا ہیں۔

(i) رسالوں کے مقالوں اور مضامین (Articles & Essays) کو Italics میں لکھنا

(ii) مصنف کا آخری نام سب سے پہلے لکھنا

(iii) کتابوں کے نام اور رسالوں کے نام Italics میں لکھنا

(iv) حوالہ جات کی فہرست حرف تہجی کے حساب سے (Alphabetically) تیار کرنا

(A) ii, iii, iv
(B) i, ii, iv
(C) i, ii, iii
(D) i, ii, iii, iv

8. مندرجہ ذیل میں سے کیا ایک سیمنار کی خصوصیات میں شامل ہیں۔

(i) سیمنار علمی رہنمائی (Academic Instruction) کی ایک جگہ ہے
(ii) سیمنار میں سوالات و جوابات اور بحث ومباحثے ہوتے ہیں
(iii) سیمنار میں سوالات کرنے کی اجازت نہیں ہے
(iv) سیمنار میں ماہرین شامل ہوتے ہیں

(A) i, ii, iii
(B) i, ii, iv
(C) ii, iii, iv
(D) i, ii, iii, iv

9. ASI کے ذریعہ بنایا گیا ادارہ Pandit Deendayal Upadhyay Institute of Archaeology کس شہر میں مقیم ہے۔

(A) بھوپال
(B) نوئیڈا
(C) بنارس
(D) لکھنؤ

10. مشہور تصنیف 'The Decline and Fall of Roman Empire' کے مصنف کا کیا نام ہے۔

(A) گیبن
(B) رینکے
(C) والٹیر
(D) ایڈمنڈ برک

11. "The historiography of Indian Nationalism has for a long time been dominated by elitism"

یہ قول تاریخ کے کس مکتبہ فکر سے منسلک ہے

(A) سبالٹرن
(B) کیمبرج
(C) مارکسی
(D) سامراجی

12. ریسرچ میں Ibid کا استعمال کس جگہ ہوتا ہے۔

(A) Glossary
(B) Bibliography
(C) Footnote
(D) Appendix

13. UGC- CARE کا پورا نام کیا ہے۔

(A) University Grants Commission - Consortium of Archival Research Ethics

(B) University Grants Commission - Council of Archaeological Research Ethics

(C) University Grants Commission - Consortium of Academic Research Ethics

(D) University Grants Commission - Council of Academic Research Ethics

14. مشہور مجاہد آزادی Potti Sreeramulu ایک علاحدہ ریاست کی مانگ کو لے کر موت تک بھوک ہڑتال (Fast unto Death) پر بیٹھ گئے تھے۔

(A) تمل ناڈو (B) تلنگانہ

(C) مہاراشٹرا (D) آندھرا پردیش

15. 2002 اور Budapest 2003 اور Berlin Declaration کس سے منسلک ہے۔

(A) Open Acess Movement (B) Plagiarism

(C) Hijack Journal (D) E- Journal

16. ''رزم نامہ'' سنسکرت زبان کی کس کتاب کا فارسی ترجمہ ہے۔

(A) راج ترنگنی (B) رامائن

(C) بھگوت گیتا (D) مہابھارت

17. ریسرچ Ethics میں FFP کا پورا نام کیا ہے۔

(A) Falsifiction Fabrication and Plagiarism

(B) Falsification of Facts & Plagiarism

(C) Fabrication Facsification and Plagiarism

(D) Fabricated Facts & Plagiarism

18. Software Turnitin کا استعمال کس کام میں لیا جاتا ہے۔

(A) انگریزی گرامر کو صحیح کرنے کے لیے (B) انگریزی Spelling کو صحیح کرنے کے لے

(C) Plagiarism کی نشاندہی کے لیے (D) اس کا استعمال ان تینوں کے لیے ہوتا ہے

19. کتابوں کو ان کے مصنفوں کے ساتھ ملائیں۔

| | |
|---|---|
| (a) گردیزی | i- کتاب المغازی |
| (b) بیہقی | ii- تاج المآثر |
| (c) حسن نظامی | iii- زین الاخبار |
| (d) واقدی | iv- تاریخ السبکتگین |

(A) a-iv, b-iii, c-ii, d-i (B) a-iii, b-iv, c-ii, d-i
(C) a-iii, b-iv, c-i, d-ii (D) a-i, b-iii, c-ii d-iv

20. "School of Oriental and African Studies" (SOAS)' نام کا مشہور ادارہ کہاں مقیم ہے۔
(A) برلن (B) نیویارک
(C) لندن (D) کائرو

21. یورپ کی مشہور یونیورسٹی 'SORBONNE' کس ملک میں ہے۔
(A) سویڈن (B) جرمنی
(C) نیدرلینڈ (D) فرانس

22. عہد وسطیٰ کا کون سا تاریخ داں ایک لائبریرین 'Librarian' کی ذمہ داری سنبھال چکا ہے۔
(A) حسن نظامی (B) ضیاالدین برنی
(C) منہاج سراج (D) عصامی

23. مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد کی بنیاد کب پڑی۔
(A) 1996 (B) 1997
(C) 1998 (D) 1999

24. درج ذیل میں کون سا جملہ مابعد جدیدیت تاریخ نویسی (Post Modern Historiography) کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے۔
(A) یہ عہد روشن خیالی کے جدید تصورات کی تنقید کرتا ہے (B) یہ حقیقت اور حقائق کی معروضیت (Objectivity) کو تسلیم نہیں کرتا ہے
(C) یہ تاریخ اور ادب کے درمیان فرق کو ختم کر دیتا ہے (D) یہ صرف مابعد جدید دور کے امور پر بحث کرتا ہے

25. کس ہندوستانی تاریخ دان نے جاگیردارانہ نظام کی بحث (Feudalism Debate) میں حصہ نہیں لیا ہے۔

(A) آر۔ایس۔شرما
(B) بی۔این۔ایس یادو
(C) رومیلا تھاپر
(D) ہربنس مکھیا

26. صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) Marc Bloch - The Royal Touch
(B) James Mill - The History of India
(C) Fernand Braudel - The Feudal Society
(D) Carlo Ginzburg - Metahistory : The Historical Imagination in Nineteenth Century Europe

27. مورخین Mohammadd Habib ‘ K.A Nizami ‘ Carl W. Ernst ’Simon Digby میں کیا مشترک ہے۔

(A) ان سب نے ہندوستان میں تصوف کی تاریخ اوراس کے مختلف پہلوؤں پر بحث کی ہے۔
(B) انہوں نے عہدوسطیٰ کی معاشی تاریخ کو اپنی تحقیق کا خاص موضوع بنایا۔
(C) انہوں نے مغل سلطنت کے زوال پر اپنے الگ الگ نظریات پیش کیے ہیں۔
(D) یہ سب قومیت پسند مورخین میں شمار کیے جاتے ہیں۔

28. ضیاءالدین برنی کی تاریخ نویسی کے متعلق (Direct Speech) Oratio Recta کا تصور کس نے اجاگر کیا۔

(A) عرفان حبیب
(B) اشتیاق احمد ظلی
(C) پیٹر ہارڈی
(D) آر۔ایم۔ایٹن

29. مورخ Anil Seal کا تعلق تاریخ نویسی کے کس مکتبہ فکر سے ہے۔

(A) سبالٹرن مکتبہ فکر
(B) کیمبرج
(C) مارکسی مکتبہ فکر
(D) قومیت پسند مکتبہ فکر

30. فرقہ وارانہ تاریخ نویسی (Communal Historiography) کے تعلق سے کون سا بیان درست ہے۔

(A) قومیت پسند (Nationalist) تاریخ نویسی میں فرقہ وارانہ تاریخ نویسی کے بعض عناصر موجود تھے۔
(B) فرقہ وارانہ تاریخ نویسی نے ہندوستانی تاریخ کے بارے میں انگریزوں کے تمام دعووں کو خارج کردیا۔
(C) فرقہ وارانہ تاریخ نویسی نے ہندوستانی تاریخ کے تمام ادوار اور تمام پہلوؤں پر یکساں توجہ دی۔
(D) تاراچند ایک فرقہ وارانہ مورخ تھے۔

31. 'Dynastic Histories" کی روایت کس قدیم تہذیب میں پائی جاتی ہے۔

(A) یونانی تہذیب
(B) چینی تہذیب
(C) ہندوستانی تہذیب
(D) مصری تہذیب

32. مندرجہ ذیل میں سے کیا نشاۃ ثانیہ کی تاریخ نویسی کی خصوصیت نہیں ہے۔

(A) اس دور میں ماضی کا ایسا تاریخی شعور پیدا ہوا جس کے تحت عہد وسطیٰ کو تاریک عہد قرار دیا گیا۔
(B) اس دور میں بھی تاریخ کو ادب کا حصہ مانا گیا۔
(C) اس دور کی تاریخ نویسی بڑی حد تک رومی یونانی تاریخ نویسی سے متاثر تھی۔
(D) اس دور کی تاریخ نویسی میں واقعات اور تبدیلی کے پیچھے سیکولر اسباب (Secular Forces) کی تلاش ابھی شروع نہیں ہوئی تھی۔

33. مندرجہ ذیل میں سے غلط اصطلاح کی پہچان کریں۔

(A) Orientalists : وہ مغربی دانشور جو مشرقی تاریخ اور تہذیب کا مطالعہ کرتے ہیں۔
(B) Antiquarians : وہ اسکالرس جو قدیم تہذیبی آثار کی تلاش و تحقیق کرتے ہیں۔ ساتھ ساتھ ان کی تشریح اور توضیح بھی کرتے ہیں اور مورخین کی طرح تاریخی نتائج بھی اخذ کرتے ہیں۔
(C) New Historicism : وہ نقطہ نظر جو کسی بھی عہد کی فکری تاریخ مرتب کرنے کے لیے اس بات پر زور دیتا ہے کہ ماخذ کا مطالعہ ثقافتی مناظر میں کیا جائے نہ کہ صرف سیاسی اور سماجی تناظر میں۔
(D) Chronicles : وہ کتاب جس میں ماضی کے واقعات بغیر تجزیہ کیے صرف ترتیب وار طریقے سے بیان کیا جائے۔

34. اکبر نے شاہی خاندان کے افراد اور درباری امراء کو حکم دیا تھا کہ وہ مغل سلطنت سے متعلق اپنی یادداشتوں کو تحریر کریں۔ درج ذیل میں کون سی کتاب اس کے تحت نہیں لکھی گئی۔

(A) طبقات اکبری
(B) ہمایوں نامہ
(C) تاریخ ہمایونی / تذکرۃ واقعات
(D) واقعات مشتاقی

35. غلط دعوی کی نشاندہی کریں۔

(A) کارل مارکس نے جدلیات (Dialectics) کا تصور ہیگل سے لیا۔
(B) مارکس کا تاریخی نظریہ تاریخی مادیت (Historical Materialism) کہلاتا ہے۔
(C) مارکس نے ہیگل کے نظریاتی جدلیت (Dialectical Idealism) کے تصور کو بغیر کسی تنقید کے قبول کر لیا تھا۔
(D) مارکس نے انسانی تاریخ اور سماجی ارتقاء کو پیداواری نظام (Mode of Production) کے تحت تقسیم کیا۔

36. کون مورخ انالس (Annales) مکتبہ فکر سے وابستہ نہیں ہے۔

(A) Emmanual Le Roy Ladurie (B) Jacques Le Goff

(C) Fernand Braudel (D) Louis Althusser

37. ابوالفضل نے اپنی کس کتاب میں اکبر کے اقوال و بیانات ایک علاحدہ باب میں بیان کیا ہے۔

(A) اکبرنامہ (B) آئین اکبری

(C) انشاء ابوالفضل (D) رقعات ابوالفضل

38. مشہور خاتون مفکر 'Rosa Luxemburg' کس فلسفہ سے منسلک تھی۔

(A) Imperialist (B) Marxist

(C) Nationalist (D) Post-Modernism

39. 1917 کے روسی انقلاب کے وقت وہاں حکمراں کون تھا۔

(A) Nicholas Rhode (B) Tsar Nicholas III

(C) Louis XVI (D) Tsar Nicholas II

40. دنیا کے ان واقعات کو سلسلہ وار (پہلے سے بعد) طرز پر لگائیں۔

(i) Chinese Revolution (ii) Russian Revolution

(iii) Treaty of Versailles (iv) Great Depression

(A) i, ii, iii, iv (B) iii, iv, ii, i

(C) iv, i, ii, iii (D) iii, ii, i, iv

41. Studies in History نام کا جرنل کہاں سے شائع ہوتا ہے۔

(A) JNU (B) AMU

(C) CSDS (D) ICHR

42. 1946-47 میں بنگال کی تیاگھا کسان تحریک (Tebagha Peasant Movement) کے دوران عورتوں نے ایک الگ Platform بنایا جہاں سے انہوں نے عورتوں کو ساتھ لانے کا کام کیا۔ اس Platform کا کیا نام تھا۔

(A) ناری منڈل (B) ناری باہنی

(C) مہیلا سمیتی (D) ان میں سے کوئی نہیں

43. مندرجہ ذیل تعلیمی اداروں کو سلسلہ وار (پہلے سے بعد) میں لگائیں۔

i. ندوۃ علماء، لکھنؤ
ii. دارالعلوم، دیوبند
iii. دارالمصنفین، اعظم گڑھ
iv. جامعہ نظامیہ، حیدرآباد

(A) iv, ii, i, iii
(B) ii, i, iii, iv
(C) ii, iv, i, iii
(D) ii, iii, i, iv

44. اندرا گاندھی نیشنل ٹرائبل یونیورسٹی ہندوستان کے کس شہر میں موجود ہے۔

(A) بھوپال
(B) امرکنٹک
(C) کرنول
(D) رانچی

45. مندرجہ ذیل میں کون سی جگہ UNESCO کے World Heritage Site میں شامل نہیں ہے۔

(A) نالندہ
(B) دھولاویرا
(C) چارمینار
(D) قطب مینار

46. گپت دور کی معیشت کے حوالے سے کون سا بیان صحیح ہے۔

(A) خالی زمین (Waste Land) کو Khila کہتے تھے
(B) ہرنیا ٹیکس (Hiranya) نقد لیا جاتا تھا
(C) اس دور میں سونے کا سکہ دینار نام سے جانا جاتا تھا
(D) یہ سبھی

47. مندرجہ ذیل میں سے کس تصنیف کو مغل دور کے پینٹنگ (Painting) کا ایک اہم ماخذ مانا جاتا ہے۔

(A) ہمایوں نامہ
(B) مآثر عالمگیری
(C) حمزہ نامہ
(D) طبقات اکبری

48. پروفیسر پی۔سی۔مہالانوبس (Prof. Mahalanobis) نے کس پلان کو تیار کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

(A) پہلا پنج سالہ پلان
(B) دوسرا پنج سالہ پلان
(C) کراچی پلان
(D) بمبئی پلان

49. پوری کے جگناتھ مندر کی تعمیر کس دور میں ہوئی۔

(A) 4th - 6th Century
(B) 10th - 12th Century
(C) 13th - 14 Century
(D) 7th to 9th Century

50. کامراج پلان(Kamaraj Plan) کےحوالے سے درج ذیل میں سے کون سا جملہ درست نہیں ہے۔

(A) یہ 1962 میں تیار ہوا

(B) یہ ایک کوشش تھی کہ کانگریس پارٹی میں نئی جان پھونکی جا سکے اور پارٹی اور سرکار کے درمیان ایک توازن قائم کیا جا سکے۔

(C) کانگریس پارٹی کو دوبارہ منظم کرنے اور دوبارہ متحرک کرنے کے لیے تقریباً دس وزراء نے اپنے اپنے عہدوں سے استعفیٰ دے دیا تھا

(D) 24 اگست 1963 کو جواہر لال نہرو نے کابینہ کے چھ وزیر اور چھ وزیر اعلیٰ کے استعفے منظور کر لیے۔

## حصہ دوم (Part B)
## History Ph.D. E.T

51. مندرجہ ذیل میں سے ہڑپہ تہذیب کا سب سے بڑا مقام (Site) کون ہے۔

(A) ہڑپہ (B) موہن جوداڑو

(C) راکھی گڑھی (D) کالی بنگن

52. آثار قدیمہ کے مشہور مقام(Site) ہستینا پور(Hastinapur) کی کھدائی کس آرکیولوجسٹ کے ذریعہ کی گئی۔

(A) H.D. Sankalya (B) B. B. Lal

(C) R.C. Gaur (D) D.R. Sahni

53. ''وسارا'' (Vesara) اصطلاح کا تعلق کس سے ہے۔

(A) فن تعمیر (B) پینٹنگ

(C) موسیقی (D) ٹیکس

54. ویدک دور کے مذہب میں کن دیوی اور دیوتاؤں کی پوجا ہوتی تھی۔

(A) رودر اور وشنو (B) اندر اور وشنو

(C) اگنی اور ورن (D) اگنی اور لکشمی

55. مندرجہ ذیل میں سے کون سا استوپ(Stupa) اشوک سے متعلق نہیں ہے۔

(A) بھرہت (Bharhut) (B) سانچی (Sanchi)

(C) دھولی (Dhauli) (D) امراوتی (Amravati)

56. مندرجہ ذیل میں سے صحیح جواب منتخب کریں۔

(A) وتسا(Vatsa) _____ متھرا
(B) چمپا _____ انگا
(C) گاندھار _____ کابل
(D) چیدی _____ اجین

57. "Neolithic Revolution" کے بارے میں سب سے پہلے ذکر کس مورخ نے کیا تھا۔

(A) Mortimer Wheeler
(B) Bernard Allchin
(C) Alexandar Cunningham
(D) Gorden Childe

58. سیادوادا (Syadavada) کا نظریہ کس مذہب سے وابستہ ہے۔

(A) اجیوک مت
(B) بدھ مت
(C) جین مت
(D) ہندومت

59. وتاکیروتل (Vatakkirutal) کا کیا مطلب ہے۔

(A) سنگم دور میں بادشاہ کے ذریعہ موت تک بھوکا رہنے(Fast unto Death) کا رواج
(B) چولا دور کا فوجی تربیت کا مرکز
(C) چولا دور میں ہیرو کی پوجا (Hero Worship) کرنے کا طریقہ
(D) سنگم دور کا ایک قسم کا ٹیکس

60. کام سوتر اور سنسکرت کاویہ(Kavya) میں Courtesan کے لیے کون سا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

(A) ارشا(Arsha)
(B) گنیکا (Ganika)
(C) پرجپتیا (Prajaptya)
(D) (A) اور (B) دونوں

61. قدیم ہندوستان میں زمینی عطیات(Land Grants) کے حوالے سے کون سا جملہ صحیح نہیں ہے۔

(A) اس کا سب سے پہلے ذکر ساتواہن دور کے کتبہ میں ملتا ہے
(B) شروع میں یہ زمینی عطیات سرکاری افسروں کو نہیں دیے جاتے تھے
(C) مندروں کو دی جانے والی زمینی عطیات(Land Grants) کو برہمہ دیا(brahmadeya) کہا جاتا تھا
(D) زمینی عطیات کے نتیجہ میں بعد کے گپت دور میں زراعت میں بہت توسیع ہوئی

62. قدیم ہندوستان کے کس بادشاہ کے سکوں پر 'Ashvamedha Yajna' دکھایا گیا ہے۔

(A) چندر گپت اول
(B) سمدر گپت
(C) کمار گپت
(D) چندر گپت دوم

63. آثار قدیمہ کے مندرجہ ذیل مقاموں کو ان کے موجودہ صوبوں کے ساتھ ملائیں۔

(a) چندر کیتو گڑھ — i- اڑیسہ
(b) کومرہار — ii- بنگال
(c) بھیم بیدکا — iii- مدھیہ پردیش
(d) شیشو پال گڑھ — iv- بہار

(A) a-ii, b-iv, c-iii, d-i
(B) a-ii, b-i, c-iv, d-iii
(C) a-ii, b-iv, c-i, d-iii
(D) a-i, b-iv, c-iii, d-ii

64. کلابھرا (Kalabhras) کون تھے۔

(A) قبائلی معاشرہ جس کا آغاز بعد کے سنگم کے دور میں ہوا
(B) برہمن معاشرہ جس کا آغاز پلوا دور میں ہوا۔
(C) قبائلی معاشرہ جس کا آغاز کشان کے دور میں ہوا
(D) قبائلی معاشرہ جس کا آغاز ستواہن دور میں دکن میں ہوا

65. چولا ریاست کی نوعیت کے حوالے سے کون سا جوڑا غلط ہے۔

(A) Burton Stein - Segmentary State
(B) J.M. Classen and Peter Skalnik - Early State
(C) A. Nilakanta Sastri : Imperial State
(D) Kathleen Gough: Integrative Polity

66. مندرجہ ذیل میں سے کس عمارت میں Horse Shoe Arches دیکھا جا سکتا ہے۔

(A) آڑھائی دن کا جھونپڑا
(B) قطب مینار
(C) علائی دروازہ
(D) غیاث الدین کا مقبرہ

67. خاندیش کے فاروقی سلطنت کا بانی کون تھا۔

(A) ملک احمد
(B) فاروق علی خان
(C) مبارک خان
(D) ملک سرور

68. صحیح جوڑا ملائیں۔

(a) میرابائی — i- راجستھان
(b) چیتنیہ — ii- بنگال
(c) تکارام — iii- اتر پردیش
(d) سور داس — iv- مہاراشٹر

(A) a-i, b-iii, c-iv, d-ii
(B) a-i, b-ii, c-iii, d-iv
(C) a-i, b-iii, c-ii, d-iv
(D) a-i, b-ii, c-iv, d-iii

69. مندرجہ ذیل میں کون سا لفظ چاندی کے سکوں کے لیے نہیں استعمال ہوتا تھا۔

(A) تنکہ　　(B) روپیہ

(C) سنسو　　(D) کسیرہ

70. صوفیاء کو ان کے سلسلے کے ساتھ ملائیں۔

(a) بابا فرید　　i - فردوسیہ سلسلہ

(b) سید احمد ہمدانی　　ii - سہروردی سلسلہ

(c) بہاالدین ذکریا　　iii- کبرویہ سلسلہ

(d) شرف الدین یحیٰ منیری　　iv- چشتی سلسلہ

(A) a-iv , b-iii, c-ii, d-i　　(B) a-ii, b-iii, c-i, d-iv

(C) a-iii, b-ii, c-i, d-iv　　(D) a-iii, b-ii, c-iv, d-i

71. مغل منصب داری نظام کے حوالے سے کون سا جملہ صحیح ہے۔

(A) مغل دور میں ہر منصب دار کو جاگیر دی جاتی تھی اور ہر جاگیر دار کو منصب دیا جاتا تھا

(B) ہر منصب دار کو پوری تنخواہ جاگیر کی شکل میں نہیں دی جاتی تھی اور نہ ہی ہر جاگیر دار کو منصب دیا جاتا تھا

(C) منصب دار کو ایک جاگیر سے دوسری جاگیر میں منتقل نہیں کیا جاتا تھا

(D) اکبر نے منصب داری نظام میں ''ذات اور سوار عہدہ (Rank) ایک ساتھ شروع کیا تھا۔

72. مندرجہ ذیل میں دکن کی کس سلطنت پر مغلوں نے سب سے پہلے قبضہ کیا۔

(A) نظام شاہی سلطنت　　(B) قطب شاہی سلطنت

(C) فاروقی سلطنت　　(D) عماد شاہی سلطنت

73. مندرجہ ذیل میں سے کون سا نام قطب شاہی خاندان سے وابستہ نہیں ہے۔

(A) حیات بخشی بیگم　　(B) چاند بی بی

(C) مدنا　　(D) ابوالحسن تانا شاہ

74. مندرجہ ذیل میں سے کون سا نام موسیقی سے منسلک نہیں ہے۔

(A) امیر خسرو　　(B) پیر بودھن

(C) گوالیار کا راجہ مان سنگھ　　(D) میر سید علی

75. عہدِ وسطیٰ کی مشہور عمارت 'جہاز محل' کہاں مقیم ہے۔

(A) مانڈو (B) بیدر

(C) احمد آباد (D) احمد نگر

76. اکبر کی مذہبی پالیسی کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح نہیں ہے۔

(A) شروعات میں عبادت خانہ میں صرف مسلم علماء کو بحث میں شامل کیا گیا دوسرے مذاہب کے علماء و دانشوار کو نہیں بلایا گیا

(B) عبادت خانہ میں عیسائی، جین، ہندو اور بدھ مذاہب کے علماء نے بھی حصہ لیا

(C) محضر کا سیدھا تعلق اکبر کے مذہبی نظریے سے ہے

(D) ''صلح کل'' اکبر کے سیاسی مذہبی نظریے کا نتیجہ ہے

77. مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب مشہور مورخ W.H. Moreland نے نہیں لکھی ہے۔

(A) From Akbar to Aurangzeb (B) India at the Death of Akbar

(C) Agrarian System of Moslem India (D) The Economic History of India

78. "We or Our Nationhood Defined" کا مصنف کون ہے۔

(A) گولوالکر (B) مدن موہن مالویہ

(C) وی۔ڈی۔ساورکر (D) ڈی۔مونجے

79. مندرجہ ذیل مورخین میں سے کس نے وجے نگر سلطنت پر غیر معمولی کام نہیں کیا ہے۔

(A) Robert Sewell (B) K. A. Nilakanta Sastri

(C) Burton Stein (D) J. F. Richards

80. صحیح ترتیب دیں۔

(a) بھیم سین i- فتوحات عالمگیری

(b) ایشور داس ii- خلاصۃ التواریخ

(c) سوجن رائے بھنڈاری iii- نسخہ دل کشا

(d) کیول رام iv- تذکرۃ الامراء

(A) a-iii, b-i, c-iv, d-ii (B) a-ii, b-iii, c-iv, d-i

(C) a-iii, b-i, c-ii, d-iv (D) a-i, b-ii, c-iii, d-iv

81. نفتہ (Naphta) کیا ہے۔

(A) یہ ایک طرح کا ٹیکس تھا
(B) موسیقی کا ایک آلہ (Instrument)
(C) عہد وسطیٰ میں زمینی عطیہ
(D) جنگی ہتھیار

82. سنسکرت کے مشہور ادیب ''گوبند چاریہ سرسوتی''، کس مغل بادشاہ کے دور سے منسلک تھے۔

(A) اکبر
(B) جہانگیر
(C) شاہ جہاں
(D) اورنگ زیب

83. ان خاتون حکمرانوں کو سلسلہ وار (پہلے سے بعد میں) طریقے سے لگائیں۔

i- چاند بی بی
ii- دیدّا
iii- رودراما دیوی
iv- رضیہ سلطانہ

(A) ii, iii, iv, i
(B) iv, iii, ii, i
(C) ii, i, iii, iv
(D) ii, iii, i, iv

84. مغل سلطنت کے زوال کے حوالے سے مندرجہ ذیل نظریات کو مورخین کے ساتھ ملائیں۔

(a) ستیش چندر — i- جاگیرداری بحران
(b) عرفان حبیب — ii- Cultural and Ideological Failure
(c) Karen Leonard — iii- Great Firm Theory
(d) اطہر علی — iv- زرعی بحران

(A) a-i, b-iii, c-iv, d-ii
(B) a-i, b-iv, c-ii, d-iii
(C) a-i, b-iv, c-iii, d-ii
(D) a-ii, b-iv, c-iii d-i

85. وجے نگر ریاست میں کون سا ٹیکس نہیں لیا جاتا تھا۔

(A) تجارتی ٹیکس
(B) فوجی ٹیکس
(C) عدالتی جرمانا
(D) زیارت گاہوں پر ٹیکس

86. مندرجہ ذیل میں سے صحیح کی نشاندہی کیجیے۔

(A) سید برادران حسین علی اور عبداللہ خاں نے مغل بادشاہ فرخ سیر کے دور میں اہم کردار ادا کیا
(B) سعادت خان نے حیدرآباد ریاست کی بنیاد ڈالی
(C) مراٹھا کے ذریعہ وصول کیا جانے والا ٹیکس ''سردیش مکھی'' 1/20 تھا
(D) مرزا راجہ جئے سنگھ فرخ سیر کے دور کا اہم امیر تھا

87. اٹھارویں صدی عیسوی میں مارتندور ماہندوستان کے کس علاقے کا بادشاہ تھا۔

(A) قنوج
(B) ٹرونکور
(C) کوچین
(D) جموں

88. ہندوستان میں پہلی بار انڈین سول سرویس کا امتحان کس سال اور کہاں کرایا گیا۔

(A) 1922 الہٰ آباد
(B) 1922 کلکتہ
(C) 1924 الہٰ آباد
(D) 1924 کلکتہ

89. گاندھی جی نے جنوبی افریقہ میں Tolstoy Farm اپنے کس جرمن دوست کی مدد سے قائم کیا تھا۔

(A) جارج ولیم (George William)
(B) جنرل سمولسن (General Samuelson)
(C) سی۔ایف انڈریوز (C.F. Andrews)
(D) کالین بک (Kallenbach)

90. ڈرامہ ''نیل درپن'' میں کس طبقے پر ڈھائے گئے ظلم کو بیان کیا گیا۔

(A) بنگال کے نیل کے کسان
(B) مہاراشٹرا کے نیل کے کسان
(C) مالوہ کے نیل کے کسان
(D) اودھ کے نیل کے کسان

91. 1857 کی بغاوت کے بارے میں یہ کس مفکر کا جملہ ہے۔

"Rural Revolt of 1857 was essentially elitist in character"

(A) کارل مارکس
(B) تھومس مٹکاف
(C) سی۔اے۔بیلی
(D) اِرک اسٹوک

92. استری پرش تلنا (Stri Purush Tulana) کس کی تصنیف ہے۔

(A) تارابائی شنڈے
(B) سروجنی نائیڈو
(C) ایشور چندرودیا ساگر
(D) جیوتیبھا پھولے

93. 'No Religion No Caste and No God' کا نعرہ کس نے دیا تھا۔

(A) نارائن گرو
(B) بی۔آر۔امبیڈکر
(C) سہودرن اپّن
(D) پیری یار

94. ترتیب درست کریں۔

(a) ٹیٹو میر — i- سنتھال

(b) ٹیپو شاہ — ii- طریقہ محمدیہ

(c) بابا رام سکھ — iii- کوکا اپرائزنگ (Koka Uprising)

(d) کنہو — iv- پاگل پنتھی

(A) a-i, b-iii, c-iv, d-ii (B) a-i, b-iv, c-ii, d-iii

(C) a-ii, b-iv, c-iii, d-i (D) a-ii, b-iv, c-i, d-iii

95. صحیح ترتیب میں لگائیں۔

(a) Mother India — i. Katherine Mayo

(b) The High Caste — ii. Pandita Ramabai

(c) Padmarag — iii. Simon-de-Beauvoir

(d) The Second Sex — iv. Begam Rokeya

(A) a-i, b-ii, c-iii, d-iv (B) a-i, b-ii, c-iv, d-iii

(C) a-ii, b-i, c-iv, d-iii (D) a-ii, b-i, c-iii, d-iv

96. مندرجہ ذیل میں کون سا نام حیدر آباد کے تعلیمی نظام سے منسلک نہیں ہے۔

(A) شبلی نعمانی (B) حسین بلگرامی

(C) راس مسعود (D) محسن الملک

97. نیشنل پلاننگ کمیشن کس کی قیادت میں قائم کی گئی تھی۔

(A) موتی لال نہرو (B) ایم۔جی۔راناڈے

(C) جواہر لال نہرو (D) سبھاش چندر بوس

98. مندرجہ ذیل میں صحیح جوڑ لگائیں۔

(a) عدم تعاون تحریک — i - September 1920

(b) رولٹ ایکٹ — ii - February 1919

(c) کھیڑا ستیہ گرہ — iii - October 1919

(d) خلافت تحریک — iv - March 1918

(A) a-i, b-ii, c-iv, d-iii (B) a-ii, b-iii, c-i, d-iv

(C) a-i, b-ii, c-iii, d-iv (D) a-ii, b-i, c-iii, d-iv

99. کانگریس کا تیسرا اجلاس 1887ء میں کس شہر میں ہوا اور اس کی صدارت کس نے کی۔

(A) مدراس۔ بدرالدین طیب جی
(B) مدراس۔ گوپال کرشن گوکھلے
(C) بمبئی۔ بدرالدین طیب جی
(D) الہٰ آباد۔ دادا بھائی نوروجی

100. بھودان تحریک کے تعلق سے مندرجہ ذیل میں سے کون سا جملہ درست نہیں ہے۔

(A) بھودان تحریک کی کوشش تھی کہ زمین میں سدھار ہو اور اس کی تقسیم لوگوں میں کی جائے۔ لیکن یہ کام ایک تحریک کے ذریعہ ہو نہ کہ قانون کے ذریعہ
(B) اچاریہ ونوبھا بھاوے نے 1950 کی دہائی کے شروع میں اس تحریک کی شروعات کی
(C) اس تحریک کے ذریعہ زمین کے مالکوں کو یہ ترغیب دی گئی کہ وہ اپنی زمین کا چھٹواں حصہ (1/6) بطور تحفہ (بھودان) ان کسانوں کو دیں جن کے پاس زمین نہیں ہے۔
(D) ونوبا بھاوے کو سب سے پہلے زمین بطور تحفہ پٹنہ، بہار میں ملی۔

☆☆☆

Rough work

Rough work